وہ باتیں جن سے متعلق آپ کو آگاہ ہونا چاہیئے 5

قومی نسب کی بنیاد پر امتیازی سلوک

1 **نیو جرسی کا امتیازی سلوک کے خلاف قانون (Law Against Discrimination, LAD) قومی نسب کی بنیاد پر امتیازی سلوک اور ہراسانی کی ممانعت کرتا ہے۔** ملازمت، رہائش اور عوامی مقامات پر اس قسم کا امتیازی سلوک اور ہراسانی غیر قانونی ہے، خواہ آپ پناہ گزین، مہاجر یا غیر امریکی شہری بھی ہوں۔ اس میں قومیت، پیدائشی ملک، ثقافت یا زبان، یا اس عقیدے کی بنیاد پر کہ کوئی فرد مخصوص قومی نسب کا حامل ہے، غیر منصفانہ سلوک شامل ہے، خواہ یہ گمان غلط ہی کیوں نہ ہو۔

2 **قومی نسب کی بنیاد پر امتیازی سلوک یا ہراسانی آپ کو جائے کار پر کامیاب ہونے سے نہیں روک سکتی** آجران آپ کے قومی نسب کی بنیاد پر (بھرتی کرنے، نوکری سے نکالنے اور اجرت جیسے) ملازمت کے فیصلے نہیں کر سکتے، نہ ہی وہ قومی نسب کی بنیاد پر ہراسانی کے مسئلے سے نمٹنے میں ناکام ہو سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، آپ کا آجر آپ کو اس وجہ سے ملازمت سے برطرف نہیں کر سکتا کہ آپ میکسیکو میں پیدا ہوئے تھے یا قومی نسب کی بنیاد پر ہراسانی کے مسئلے کو حل کرنے سے انکار نہیں کر سکتا، اس میں ساتھی کارکنان کی جانب سے نسبی تذلیل کا استعمال شامل ہے، جس سے آپ کا آجر آگاہ ہے یا اسے آگاہ ہونا چاہیئے۔

3 **قومی نسب کی بنیاد پر امتیازی سلوک یا ہراسانی آپ کو گھر کرائے پر لینے یا خریدنے سے نہیں روک سکتی۔** رہائشی فراہم کاران، بشمول مالکانِ مکان، پراپرٹی مینیجرز اور ریئل اسٹیٹ ایجنٹس، آپ کے قومی نسب کی بنیاد پر آپ کے ساتھ مختلف سلوک روا نہیں رکھ سکتے یا کرائے پر دینے یا فروخت کرنے سے انکار نہیں کر سکتے۔ اگر رہائشی فراہم کاران اس بارے میں جانتے ہوں یا انہیں معلوم ہونا چاہیئے تھا تو ان کو قومی نسب کی بنیاد پر دوسرے کرایہ داروں کی جانب سے آپ کو ہراساں کیے جانے کا بھی ازالہ کرنا چاہیئے۔

4 **عوامی مقامات پر قومی نسب کی بنیاد پر امتیازی سلوک یا ہراسانی غیر قانونی ہے۔** عوامی مقامات (مثلاً شاپنگ سینٹرز، ریسٹورنٹس، اسٹورز، سرکاری ایجنسیوں اور نگہداشتِ صحت کی فراہمی کے مراکز) پر آپ کے حقیقی یا فرضی قومی نسب کی بنیاد پر آپ کے ساتھ امتیازی سلوک روا نہیں رکھا جا سکتا۔ مثال کے طور پر، آپ کے ظاہری حلیے اور لہجے کی بنیاد پر آپ کو ریسٹورنٹ کے پچھلے حصے میں محض اس وجہ سے نہیں بٹھایا جا سکتا ہے کیونکہ ریسٹورنٹ ایک مخصوص "ساکھ" برقرار رکھنا چاہتا ہے۔

5 **آپ کی امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر LAD آپ کو قومی نسب کی بنیاد پر امتیازی سلوک یا ہراسانی کا شکار بننے سے تحفظ دیتا ہے۔** اپنے قومی نسب یا کسی نسلی گروہ سے وابستگی کی بنا پر آپ کے ساتھ امتیازی سلوک یا ہراسانی روا نہیں رکھی جا سکتی، خواہ آپ پناہ گزین، مہاجر یا غیر امریکی شہری ہی کیوں نہ ہوں۔ مثال کے طور پر، اس امر کی بنیاد پر کوئی ہسپتال اُس ملک، جس میں آپ کی پیدائش ہوئی تھی یا اس سے متعلقہ عقیدہ کہ آپ حال ہی ہجرت کر کے امریکہ آئے ہیں، طبی علاج کرنے سے انکار نہیں کر سکتا۔

کوئی بھی فرد آپ کی جانب سے LAD کی خلاف ورزیوں کی اطلاع دینے، امتیازی سلوک پر مبنی شکایت دائر کرنے، یا LAD کے تحت دیگر حقوق استعمال کرنے کے خلاف انتقامی کارروائی نہیں کر سکتا۔

مزید معلوم کرنے، یا شکایت دائر کرنے کے لیے، NJCivilRights.gov پر جائیں یا (1-833-653-2748) 1-833-NJDCR4U پر کال کریں۔
DCR کی جانب سے LAD لاگو کیا گیا ہے، جو امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر، نیو جرسی میں تمام افراد کو امتیازی سلوک سے محفوظ رکھتا ہے۔
مزید جاننے کے لیے، یہاں کلک کریں۔

مزید معلوم کرنے یا شکایت دائر کرنے کے لیے، **NJCivilRights.gov** پر جائیں یا **1.833.NJDCR4U** پر کال کریں

NJ دفتر برائے اٹارنی جنرل
NJCivilRights.gov

NJ DIVISION ON CIVIL RIGHTS
@CivilRightsNJ #CivilRightsNJ #StandUpAgainstHate